**11.10.2024**
**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شبانہ رحمٰن
Music

.............................................................................

- ☆ بھارت اور لاؤس نے دفاعی تعاون اور کسٹمز سمیت مختلف شعبوں میں 6 سمجھوتوں پر دستخط کیے ہیں۔
- ☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے Ventiane میں مشرقی ایشیا سربراہ اجلاس سے خطاب کیا۔ سائبر، بحری اور خلا کے شعبوں میں تعاون کو مستحکم کرنے پر زور دیا۔
- ☆ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آپریشنل تیاریوں اور صلاحیتوں کے اعلیٰ معیارات کیلئے فوج کی ستائش کی ہے۔
- ☆ بھارت نے لبنان میں سیکیورٹی کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔
- ☆ جاپان کے ایٹم بم حملے میں زندہ بچ جانے والے گروپ Nihon Hidankyo کو 2024 کے نوبیل امن انعام سے نواز گیا ہے۔
- ☆ اور...... ملک بھر میں نوراتری تقریبات اپنے شباب پر ہیں۔

.............................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

### *EVE PM East Asia Summit*

بھارت اور Lao PDR نے آج دفاعی تعاون، کسٹمز، آڈیو ویژول اور وراثت کے تحفظ سمیت مختلف شعبوں میں چھ مفاہمت ناموں اور سمجھوتوں پر دستخط کئے ہیں۔ بھارت نے، بھارت-اقوام متحدہ ترقیاتی شراکت داری فنڈ کے ذریعے خوراک کو تغذیہ بخش بنانے کے ساتھ Laos میں تغذیے کی فراہمی کو بہتر بنانے کیلئے ایک پروجیکٹ میں ایک ملین امریکی ڈالر مالی امداد فراہم کرنے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔ اِن مفاہمت ناموں پر دستخط، Lao PDR کے Vientiane کے مقام پر وزیر اعظم نریندرمودی اور Lao PDR کے اُن کے ہم منصب Sonexay Siphandone کی موجودگی میں کئے گئے۔

Laosکے اپنے دورے کے دوسرے روز وزیر اعظم نریندر مودی نے آج Vientiane میں Lao PDR کے صدر Thongloun Sisoulith سے ملاقات کی۔

وزیر اعظم نے آسیان سربراہ کانفرنس اور مشرقی ایشیا سربراہ کانفرنس کی کامیابی کے ساتھ میزبانی کرنے کیلئے

صدر Sisoulith کو مبارکباد دی۔ میٹنگ کے دوران دونوں رہنماؤں نے قریبی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کیلئے اپنے عزم کا اعادہ کیا اور باہمی تعلقات پر بھی گفتگو کی۔

صدر Sisoulith نے سمندری طوفان 'یاگی' کے سبب آئے سیلاب کے پیش نظر Lao PDR کیلئے انسانی بنیاد پر بھارت کی طرف سے دی جانے والی مدد کیلئے وزیر اعظم مودی کا شکریہ ادا کیا۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے بھی Vientiane میں Lao PDR کے وزیر اعظم Sonexay کے ساتھ باہمی گفتگو بھی کی۔

دونوں رہنماؤں نے، ترقیاتی شراکتداری، صلاحیت سازی، آفات کے بندوبست، قابل تجدید توانائی، وراثت کی بحالی، معاشی تعلقات، دفاعی اشتراک اور عوام سے عوام کے درمیان تعلقات کے علاوہ باہمی تعاون کے مختلف شعبوں پر بات چیت کی۔ Lao PDR کے وزیر اعظم نے بھی سمندری طوفان 'یاگی' کے سبب آئے سیلاب کے پیش نظر Lao PDR کیلئے انسانی بنیاد پر بھارت کی طرف سے دی جانے والی مدد کیلئے وزیر اعظم مودی کا شکریہ ادا کیا۔

اِس سے پہلے Vientiane میں اُنیسویں مشرقی ایشیا سربراہ کانفرنس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس بات پر زور دیا کہ ایک آزاد، کھلا، سب کی شمولیت والا، خوشحال اور ضابطوں پر مبنی بھارت-بحرالکاہل خطہ پورے علاقے کے امن اور پیشرفت کیلئے اہمیت کا حامل ہے۔

جناب مودی نے کہا کہ جنوبی بحرۂ چین کے خطے میں امن وسلامتی اور استحکام، پورے بھارت-بحرالکاہل خطے کے مفاد میں ہے۔دہشت گردی کو عالمی امن اور سلامتی کیلئے ایک سنگین چیلنج قرار دیتے ہوئے وزیر اعظم نے اِس بات پر زور دیا کہ دہشت گردی سے پیدا ہونے والے چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے انسانیت کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ انھوں نے کہا کہ سائبر، بحری اور خلا کے شعبوں میں تعاون کو بھی مستحکم کیا جانا چاہئے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ یہ بھی ضروری ہے کہ بحری سرگرمیوں اور خلا کی آزادی کو یقینی بنایا جائے۔ دنیا کے مختلف خطوں میں جاری جنگ پر تشویش ظاہر کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ مختلف خطوں میں جاری جنگوں سے عالم جنوب خطے کے ملکوں پر منفی اثرات پڑ رہے ہیں۔وزیر اعظم نے زور دیتے ہوئے کہا کہ یہ نہایت ضروری ہے کہ اقتدارِ اعلیٰ، علاقائی سالمیت اور بین الاقوامی قوانین کا احترام کیا جائے۔میڈیا کے افراد سے بات کرتے ہوئے وزارتِ خارجہ کے سکریٹری (ایسٹ) Joydeep Mazumdar نے کہا کہ وزیر اعظم مودی نے اِس بات پر بھی زور دیا ہے کہ میانما کو بھی الگ تھلگ نہیں رکھا جانا چاہئے بلکہ اُسے بھی ہر معاملے میں شامل کیا جانا چاہئے۔

S/B 2100 Mazumdar Sec Mea On Myanmar

اپنا کامیاب دو روزہ دورہ مکمل کرنے کے بعد وزیراعظم مودی آج شام نئی دلّی پہنچ گئے۔x

***Rev Rajnath***

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے آپریشنل تیاریوں اور صلاحیتوں کے اعلیٰ معیار کیلئے بھارتی فوج کی تعریف کی ہے۔ جناب راجناتھ سنگھ سکم کی راجدھانی گینگٹاک میں فوجی کمانڈروں کی دوسری کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ وزیر دفاع

نے کہا کہ اس طرح کے فورم میں دفاعی سفارتکاری، جنگی معلومات، دفاعی بنیادی ڈھانچے، ملک میں ہی تیار کئے گئے ہتھیار اور دفاعی افواج کی جدید کاری سے متعلق امور پر ہمیشہ غور وخوض کیا جانا چاہیئے۔ انھوں نے مزید کہا کہ جنگی تیاریاں جاری رہنا چاہیئے۔ بعد میں سہ پہر میں وزیر دفاع نے Prerna Sthal کا ورچوئلی طور پر افتتاح کیا جو اُن 22 بہادر فوجیوں کیلیئے وقف کی گئی ایک یادگار ہے جنھوں نے گذشتہ اکتوبر میں برفیلی جھیل کے اچانک پھٹنے سے آئے سیلاب کے دوران اپنی جانیں گنوائی تھیں۔

S/B 2100 Rajnath Prerna Sthal

## *Indian Navy Swavlmban*

بھارتی بحریہ کا Naval Innovation and Indigenisation سیمنار، سواولمبن 2024 کا 13 واں ایڈیشن، اس مہینے کی 28 اور 29 تاریخ کو نئی دلّی میں منعقد کیا جائے گا۔

وزارت دفاع نے بتایا کہ ایسی توقع ہے کہ یہ سیمنار اختراع اور ملک میں ہی تیار کرنے کی جد و جہد کو نئی اور مضبوط جہت فراہم کرے گا۔

وزارت نے بتایا کہ سواولمبن کے پچھلے 2 سے زیادہ ایڈیشن میں بھارتی بحریہ کو بھارتی صنعت سے 2 ہزار سے زیادہ تجاویز موصول ہوئی ہیں، جو 155 چیلنجوں میں تبدیل ہوگئی ہیں تاکہ اصل نمونے کے فروغ میں سہولت فراہم کی جاسکے۔

اس پہل نے دفاعی مہارت (Idex) اسکیم کیلیئے اختراعات کے تحت 200 سے زیادہ MSMEs اور اسٹارٹ اپس کے ساتھ، تعاون کو یقینی بنایا ہے۔ x

## *Coast Guard Missing Pilot*

بھارتی کوسٹ گارڈ کے لاپتہ پائلٹ کی لاش، کل گجرات کے پوربندر کے 55 کلو میٹر جنوب- مغرب سے برآمد کی گئی ہے۔ بھارتی کوسٹ گارڈ کے مطابق اُس نے لاپتہ کمانڈینٹ راکیش کمار رانا کا پتہ لگانے کیلیئے بھارتی بحریہ اور دیگر فریقوں کے ساتھ تلاشی کی مسلسل انتھک کوششیں انجام دیں۔ جدید طرز کا ہلکا ہیلی کاپٹر MK-3، پچھلے مہینے کی 2 تاریخ کی رات کو اُس وقت سمندر میں گر گیا تھا، جب یہ موٹر ٹینکر ہری لِیلا کے عملے کے ممبر کو طبی مدد فراہم کرنے کیلیئے جا رہا تھا۔ اِس ہیلی کاپٹر پر دو پائلٹ اور فضائی عملے کے دو غوطہ خور سوار تھے۔ x

## *NIA Arms Supply Case*

قومی تحقیقاتی ایجنسی NIA نے چھتیس گڑھ میں CPI (ماؤنواز) ہتھیاروں کی سپلائی کی سازش میں ملوث مزید دو اہم ملزمین کو گرفتار کیا ہے۔ ایجنسی نے بتایا ہے کہ اترپردیش سے تعلق رکھنے والے دو ملزموں کی گرفتاری کے ساتھ اِس معاملے میں گرفتار کیے گئے افراد کی تعداد 6 ہوگئی ہے۔

NIA کی تحقیقات کے مطابق یہ افراد ایک دوسرے کے ساتھ مسلسل رابطے میں تھے اور انہوں نے ممنوعہ

دہشت گرد تنظیم کو لاجسٹک مدد فراہم کرنے کیلئے ملکر سازش رچی تھی۔ پچھلے سال جنوری میں 4 ملزمین کو اُس وقت گرفتار کیا گیا تھا، جب مقامی پولیس نے ہتھیار اور گولے بارود ضبط کیا تھا۔ x

## Betting App Arrest

حکام نے آج دبئی میں مہا دیو Betting App کے اہم پروموٹرس میں سے ایک Sourabh Chandrakar کو گرفتار کیا ہے۔ Chandrakar مہادیو Betting App اسکیم کا مبینہ سرغنہ ہے، جسے پچھلے سال انفورسمینٹ ڈائریکٹریٹ کے ذریعے جاری کیے گئے ایک ریڈ کارنر نوٹس کے بعد گرفتار کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق حوالگی کا عمل، پہلے ہی شروع کیا جاچکا ہے اور ایسا امکان ہے کہ Chandrakar ، ایک ہفتے کے اندر بھارت واپس آ سکتا ہے۔ x

## India Labanon

بھارت نے لبنان کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ بھارت سکیورٹی کی صورتحال پر لگاتار قریبی نگاہ رکھے ہوئے ہے اور اُسے Blue لائن کے ساتھ سکیورٹی کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر سخت تشویش ہے۔ وزارت نے مزید کہا ہے کہ سبھی فریقوں کو اقوام متحدہ کے دائرۂ کار میں رہ کر کام کرنا چاہیئے اور اقوام متحدہ کی امن فورسز کے تحفظ اور ان کے مینڈیٹ کے تقدس کو یقینی بنانے کیلئے مناسب اقدامات کرنے چاہئیں۔ کل اقوام متحدہ کے ایک اڈّے پر نگرانی ٹاور میں ہوئے اسرائیلی ٹینک کی فائرنگ میں اقوام متحدہ امن فورس کے دو جوان زخمی ہوگئے تھے۔ اقوام متحدہ نے علاقائی جنگ کی بڑھتی ہوئی پیچیدگیوں کو اجاگر کرتے ہوئے اِس خلاف ورزی سے متعلق وارننگ جاری کی ہے۔

اِس دوران، اسرائیلی فوج نے اعلان کیا ہے کہ مقبوضہ مغربی کنارے میں واقع نور شمس پناہ گزیں کیمپ میں فلسطینی ملی ٹنٹ گروپ اسلامک جہاد کے ایک اعلیٰ کمانڈر محمد عبداللہ کو ہلاک کردیا گیا ہے۔ اسرائیلی فوج نے عبداللہ کو اُس کے علاقے میں حملے کیلئے ذمے دار قرار دیا تھا۔

بھارت نے 120 کلو میٹر بحری پٹی کے ساتھ سکیورٹی کی بگڑتی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے، یہ اقوام متحدہ کی طرف سے تسلیم کی گئی ایک حدبندی لائن ہے جو اسرائیل اور گولان کی پہاڑیوں سے لبنان کو الگ کرتی ہے۔ وزارت خارجہ نے اقوام متحدہ کے دائرہ کار میں رہتے ہوئے ناقابل خلاف ورزی کا احترام کرنے کی اہمیت پر زور دیا ہے اور اس بات کو بھی یقینی بنانے کو کہا ہے کہ اقوام متحدہ امن فورسز کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔ یوروپی یونین نے بھی اِن کارروائیوں کی سختی سے مذمت کی ہے اور اسرائیل سے مانگ کی ہے کہ وہ اِس کیلئے جوابدہ ہو۔ اس بات پر زور دیتے ہوئے کہ امن فورسز پر حملے کا کوئی جواز نہیں ہے۔

لبنان میں اقوام متحدہ عبوری فورس نے کہا ہے کہ اقوام متحدہ کے عملے کو جان بوجھ کر نشانہ بنانا بین الاقوامی انسانی حقوق کے قانون اور سلامتی کونسل کی قراردادوں کی خلاف ورزی ہے، جو 2006 میں تشکیل دیئے گئے تھے تاکہ حزب اللہ اور اسرائیل کے درمیان مخاصمت کو ختم کیا جاسکے۔ اقوام متحدہ کی عبوری فورس کے ٹھکانوں پر اِن حملوں کا

لگاتار تیسرا دن ہے جس کے بارے میں اقوام متحدہ امن فورسز نے اطلاع دی ہے کہ اُن کے ٹھکانوں پر اسرائیل کی طرف سے فائرنگ کی گئی ہے۔
دوبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں حسین اختر

## Noble Peace Prize

ہیروشیما اور ناگاساکی میں ایٹم بم کے حملے سے بچ جانے والے ایک جاپانی گروپ Nihon Hidankyo کو نوبیل امن انعام 2024 سے نوازا گیا ہے۔ یہ گروپ Hibakusha کے نام سے بھی جانا جاتا ہے اور نیوکلیائی ہتھیاروں سے پاک دنیا کے حصول کے تئیں اُس کی انتھک کوششوں کو بھی تسلیم کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ، اُس نے ثبوت کے ذریعے اس بات کا بھی عندیہ دیا کہ نیوکلیائی ہتھیار اب کبھی دوبارہ استعمال نہیں کئے جانے چاہئیں۔ اِس نوبیل امن کا اعلان Oslo نے Norwegian نوبیل انسٹی ٹیوٹ میں کیا گیا۔ اِس سے پہلے، 2023 میں ایران کی انسانی حقوق کی علمبردار Narges Mohammadi کو اعزاز سے نوازا گیا تھا کیونکہ انھوں نے ایران میں خواتین کے حقوق کی پامالی کے خلاف جدوجہد کی تھی۔x

## WB- Durga Puja

ملک کے مختلف حصوں بالخصوص مشرقی بھارت میں درگا پوجا تقریبات، اپنے شباب پر پہنچ گئی ہیں۔ مغربی بنگال میں مہا اشٹمی اور Mahanabami، پورے جوش و خروش کے ساتھ منائے جا رہے ہیں۔ دیوی درگا کا آشریواد لینے کیلئے لوگ مختلف پوجا پنڈالوں میں جمع ہو رہے ہیں۔ x

## Durga Puja

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج درگا پوجا کے موقع پر سبھی اہل وطن کو مبارکباد پیش کی ہے۔ سوشل میڈیا پر اپنے پیغام میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ درگا پوجا، برائی پر اچھائی کی جیت ہے اور ماں درگا کو طاقت کی ایک علامت کے طور پر سمجھا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تہوار، دیوی دُرگا کو پوری طرح وقف ہے اور یہ سبھی مذہبوں کے مابین اتحاد اور فہم کو فروغ دیتا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے نوراتری کے 9 ویں روز دیوی Siddhidhatri کی پوجا کی۔ x

## Tripura Kumari Puja

تریپورہ میں مہا اشٹمی کے مقدس موقع پر آج کماری پوجا تقریبات منعقد کی گئیں۔ اگرتلہ میں رام کرشن مشن آشرم میں ایک مذہبی تقریب منعقد کی گئی جہاں منتروں کے جاپ، پوجا ارچنا اور ڈھول نگاڑوں کے ساتھ کنواری لڑکی کی پوجا کی گئی۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے......

VC- Kunal Shinde

ہندو مذہب کے صحیفوں کے مطابق کماری پوجا دیوی کالی کے ذریعے کولاسور کو ہلاک کئے جانے کی یاد دلاتی ہے۔ کماری پوجا، دیوی دُرگا کی طاقت، ہمّت اور خوبیوں کی علامت ہے۔ 1898 میں سوامی وویکانند نے دُرگا پوجا کے دوران کماری پوجا کی تھی۔ انہوں نے جموں و کشمیر کے سرینگر میں واقع کھیر بھوانی مندر میں ایک چار سالہ بچی کی، دیوی کے روپ میں پوجا کی تھی۔ اس کے بعد انہوں نے 1901 میں کولکاتہ کے بیلُور مَٹھ کے رام کرشن مَٹھ اور رام کشن مشن کے ہیڈکوارٹرس میں کماری پوجا کی رسم کو متعارف کرایا تھا۔

اگرتلہ سے کُنال شندے کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں کونین حیدر

## Pakistan Miners Killed

پاکستان میں کم سے کم 20 نابالغ بچے ہلاک اور 8 دیگر اُس وقت زخمی ہوگئے، جب نامعلوم مسلح افراد نے آج صبح بلوچستان صوبے کے Dukki علاقے میں کوئلے کی ایک کان پر حملہ کر دیا۔ Dukki کے ڈسٹرکٹ چیئرمین حاجی خیر اللہ ناصر کے مطابق حملہ آوروں نے حملے میں ہتھ گولے اور راکٹ لانچروں کا استعمال کیا

اس دوران پولیس، نیم فوجی فرنٹیئر کور اور بچاؤ ٹیمیں حملے کے بعد جائے حادثہ پر روانہ ہوگئیں۔

ملک میں تشدد کی لہر میں یہ تازہ حملہ ہے۔ یہ حملہ، اِس مہینے کی 15 اور 16 تاریخ کو اسلام آباد میں منعقد ہونے والے شنگھائی تعاون تنظیم سربراہ اجلاس سے قبل ہوا ہے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆